سوال

(464) حاجی صاحبان کے استقبال کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حاجی صاحبان کے استقبال کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے۔ ان کے گلے میں روپوں یا کلیوں کے ہار پہنانا کیسا ہے؟ اور کیا حاجی صاحبان کو مبارک باد دینا درست ہے؟ (سائل: محمد علی شاہ، لاہور) ۳۱ مئی ۲۰۰۲ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حجاج کا استقبال کرنا شرعاً جائز ہے۔ (قسطلانی: ۲۷۸/۴) لیکن نمود و نمائش اور ریاکاری سے پاک ہونا چاہیے اور قبولیت کی دعا دینا بھی اچھی تمنا کا اظہار ہے، بظاہر اس میں بھی کوئی حرج نہیں، حاجی کو پھولوں اور روپوں کے ہاروں سے لاد دینا اسی زمرے میں آتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 358

محدث فتویٰ